# شرائط

(1) اُمیدواران کی درخواستیں مجوزہ درخواست فارم پر مع مصدقہ نقول تعلیمی قابلیت، تجربہ سرٹیفیکیٹ، کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ اور دو عدد تازہ ترین تصاویر مقررہ تاریخ تک ڈیرہ غازی خان بورڈ میں بذریعہ رجسٹرڈ ڈاک پہنچ جانی چاہئیں۔

(2) درخواستیں دستی وصول نہیں کی جائیں گی۔ نیز، ای میل یا فیکس کے ذریعے سے اور مقررہ تاریخ کے بعد موصول ہونے والی درخواستیں قابل قبول نہ ہوں گی۔

(3) حکومتِ پنجاب کی پالیسی کے مطابق ہر اُمیدوار کو عمر میں پانچ سال کی رعایت دی جائے گی۔ تاہم خواتین اُمیدواران کیلئے عمر کی مقررہ حد میں تین سال کی مزید رعایت دی جائے گی۔ نیز عمر کا تعین اشتہار میں دی گئی حتمی تاریخ سے ہوگا۔

(4) گورنمنٹ/ سیمی گورنمنٹ/ اٹانومس باڈیز کے ملازمین محکمانہ توسط سے درخواستیں ارسال کر سکتے ہیں۔

(5) معذور افراد اپنی معذوری کا سرٹیفیکیٹ (جاری کردہ مجاز اتھارٹی/ بورڈ) درخواست کے ہمراہ لف کریں۔

(6) بھرتی حکومت پنجاب کی کنٹریکٹ پالیسی 2004 (وقتاً فوقتاً ترامیم کے ساتھ) میں درج شرائط ملازمت کے عین مطابق ہوگی۔ 05 سالہ کنٹریکٹ کی بنیاد پر بھرتی ہونے سے ملازمین، پنشن، پراویڈنٹ فنڈ اور جی پی فنڈ کے حقدار نہیں ہونگے۔ اور نہ ہی اُن کی تنخواہ میں سے اس مد میں کسی قسم کی کٹوتی کی جائے گی۔ کنٹریکٹ پر بھرتی ہونے والے ملازمین کسی صورت میں مستقل ملازمت کا کسی قسم کا استحقاق نہیں رکھیں گے۔

(7) مجاز اتھارٹی کو اختیار حاصل ہے کہ وہ وجہ بتائے بغیر مشتہر کردہ تمام آسامیاں یا کسی بھی آسامی کو مسترد، منسوخ یا کم کر سکتا ہے۔

(8) اُمیدواران کے لئے صوبہ پنجاب کا رہائشی ہونا لازمی ہے۔

(9) اُمیدواران بوقت انٹرویو/ٹیسٹ کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ، ڈومیسائل اور اصل اسناد ہمراہ لائیں۔

(10) مکمل درخواست فارم واضح طور پر پُر کیا جائے۔ غیر متعلقہ خانے کو کراس کیا جائے۔

(11) انٹرویو/ٹیسٹ کے لئے آنے والوں کو کوئی سفر خرچ (TA/DA) نہیں دیا جائے گا۔